THE MESSENGER
پیغامبر
جلد ۱ — ۱۴ / اکتوبر ۱۹۷۸ء — شمارہ ۱۳

نہ لاؤ کبھی پاس کی گفتگو — کہ قرآن میں آیا ہے لا تقنطوا

مجرمانہ کارروائی کے بارے میں کوئی سمجھوتہ طے پا جائے تو سازش وجود میں آجاتی ہے

سازش کے متعلق طے پانے والا سمجھوتہ قابل سزا جرم ہے

سپریم کورٹ میں محمد احمد خان قتل کیس میں اعجاز حسین بٹالوی کے دلائل

راولپنڈی (اپ پ) اسپیشل پبلک پراسیکیوٹر مسٹر اعجاز حسین بٹالوی نے آج سپریم کورٹ میں بتایا کہ ...

(باقی صفحہ ۱۰ پر)

راولپنڈی میں خودسوزی کا ارتکاب کرنے والا فوٹوگرافر انتقال کر گیا

— باقی صفحہ ۱۰ کالم ۴ پر

وفاقی کابینہ میں عنقریب خاتون وزیر مملکت کا تقرر کیا جائے گا

اسلام نے دنیا میں سب سے پہلے خواتین کو منفرد مقام دیا ہے: صدر ضیاء الحق

اہل خواتین ملیں تو انہیں مجسٹریٹوں کے عہدے پر تعینات کیا جائے گا

کراچی (اپ پ) صدر جنرل ضیاء الحق نے اعلان کیا ہے کہ وفاقی کابینہ میں ایک خاتون کو بہت جلد وزیر مملکت مقرر کیا جائے گا ...

باقی صفحہ ۱۰ کالم ۱ میں ملاحظہ فرمائیں

ریڈیو پاکستان پر اذان — ریڈیو کے تمام اسٹیشنوں سے نشر کی جایا کرے گی

راولپنڈی (اپ پ) پاکستان براڈ کاسٹنگ کارپوریشن کے ایک اعلان کے مطابق ۱۶ اکتوبر سے ریڈیو پاکستان کے پروگراموں میں بعض تبدیلیاں کی جا رہی ہیں ...

باقی صفحہ ۱۰ کالم ۱ میں ملاحظہ فرمائیں

پاکستان میں اسلامی قوانین نافذ کرنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آئے گی

اس خطہ میں صدیوں تک شریعت نافذ رہی ہے: شاہ خالد کے مشیر کا ریڈیو پاکستان کو انٹرویو

راولپنڈی (اپ پ) شاہ خالد کے مشیر ڈاکٹر معروف الدوالیبی نے یقین ظاہر کیا ہے کہ پاکستان میں ...

باقی صفحہ ۱۰ کالم ۳ میں ملاحظہ فرمائیں

صدر ضیاء الحق نے میچ دیکھا

راولپنڈی (اپ پ) پاکستان اور ...





صوبائی حکومتوں اور شریعت بنچوں کی تشکیل پر مفتی محمود سے صدر ضیاء الحق کی بات چیت

راولپنڈی (اپ پ) صدر جنرل ضیاء الحق نے آج یہاں کمبائنڈ ملٹری ہسپتال میں پی این اے کے صدر مولانا مفتی محمود سے ملاقات کی ...



لاہور (اپ پ) ... چوہدری رحمت الٰہی نے اعلان کیا ہے کہ نظام مصطفےٰ کے نفاذ کے لئے ...

باقی صفحہ ۱۰ کالم ۳ میں ملاحظہ فرمائیں

امریکی کمپنیاں پاکستان کو لڑاکا طیارے مہیا کرنے کی حمایت کر رہی ہیں

پاکستان کو فرانس سے میراج طیارے مل سکتے ہیں

برصغیر میں اسلحہ کی دوڑ شروع کرنے کی ذمہ داری بھارت پر ہوگی: آغا شاہی

جیگوار طیارے خریدنے کے فیصلے پر بھارت کو پاکستان کی تشویش سے آگاہ کر دیا گیا

اقوام متحدہ (اپ پ) پاکستان کے مشیر برائے امور خارجہ مسٹر آغا شاہی نے گذشتہ شب بھارتی وزیر خارجہ مسٹر اٹل بہاری واجپائی کو بھارت کی طرف سے ... جیگوار طیارے خریدنے کے فیصلے پر پاکستان کی گہری تشویش کے متعلق آگاہ کر دیا ...

بقیہ صفحہ ۱۰ کالم ۱ پر

بھٹو سے ان کے وکلاء کی ملاقات



شاہ خالد کو نظام مصطفےٰ نفاذ کانفرنس میں مدعو کیا جائے گا

کانفرنس ۲۳ اکتوبر لاہور میں ہو گی

لاہور (اپ پ) ...

— باقی صفحہ ۱۰ کالم ۲ پر

حکومت بھٹو پر فوجی عدالت میں بھی مقدمہ چلا سکتی تھی

پیپلز پارٹی کے اخبارات صوبائی تعصبات کو ہوا دینے سے باز آجائیں: محمود اعظم فاروقی

حیدرآباد (اپ پ) اطلاعات و نشریات کے وفاقی وزیر مسٹر محمود اعظم فاروقی نے ایسے اخبارات کو انتباہ کیا ہے جو مختلف طبقوں میں علاقائی تعصبات کو ہوا دینے کی کوشش کر رہے ہیں ...

بقیہ صفحہ ۱۰ کالم ۲ پر

طالبات کی شلوار اور قمیض کی یونیفارم لازمی قرار دی جائے گی ...

باقی صفحہ ۱۰ کالم ۱ میں ملاحظہ فرمائیں

تعلیمی پالیسی کے اہم نکات

راولپنڈی (اپ پ) وفاقی وزیر تعلیم مسٹر محمد علی ہوتی نے جس نئی تعلیمی پالیسی کا اعلان کیا ہے اس کے اہم نکات یہ ہیں: ...

آندھرا پردیش میں ہندو مسلم فساد، ۵ افراد ہلاک، چوبیس گھنٹے کا کرفیو نافذ کر دیا گیا

حالات پر قابو پانے کے لئے پولیس کو گولی چلانا پڑی

ہندو غنڈوں کے حملے سے متعدد نمازی زخمی ہو گئے، مسلح پولیس گشت کر رہی ہے

نئی دہلی (ایسٹرن پریس) جنوبی بھارت کے صوبہ آندھرا پردیش کے ایک شہر ..... میں گزرات ہندو مسلم فساد ہو گیا جس میں کم سے کم ۵ افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ شہر میں چوبیس گھنٹے کا کرفیو نافذ کر دیا گیا ہے۔ ہتھیار بند پولیس نے فرقین کے ..... افراد کو گرفتار کر لیا ہے۔ یہ فسادات اس وقت شروع ہوئے جب ہندوؤں کے دسہرے کا جلوس ..... ایک مسجد کے پاس پہنچا۔ اس وقت مسلمان نماز پڑھنے کی تیاری کر رہے تھے جب مسلمانوں نے دسہرہ نکالنے والوں سے کہا کہ وہ ڈھول بجانا بند کر دیں تو اس پر مشتعل ہو کر ہندوؤں نے مسلمانوں پر حملہ کر دیا ..... حالات پر قابو پانے کے لئے پولیس نے گولی چلا دی ..... متعدد نمازی ..... شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوراً ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ فسادات کے دوران ایک مشتعل گروہ نے دو جیپ گاڑیوں کو آگ لگا دی اور پولیس تھانے پر حملہ کر دیا۔ یاد رہے کہ گزشتہ جمعرات کو بھی علی گڑھ میں ہندو مسلم فسادات ہوئے تھے۔ جہاں گیارہ افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ علی گڑھ میں ابھی تک کرفیو لگا ہوا ہے تاہم حالات بتدریج معمول پر آتا شروع ہو گئے ہیں۔

طالب علم کے قتل کا مقدمہ، سماعت فوجی عدالت کریگی

ساہیوال (نمائندہ خصوصی) خصوصی فوجی عدالت نے مقامی کالج کے ایک طالب علم ..... کا مقدمہ قتل سماعت کے لئے اپنے اختیار میں لے لیا ہے۔ مقتول جمعیت طلبا پاکستان کے صدر مولانا بشیر احمد کا لڑکا تھا۔ اور چند ماہ قبل ایسے ملزموں نے رات کے وقت گھر میں گھس کر قتل کر دیا تھا۔ پولیس نے تین ملزموں ..... کو قتل کے الزام میں گرفتار کر لیا تھا مقامی شہریوں کی طرف سے یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ مقدمہ قتل کی ..... خصوصی فوجی عدالت میں کی جائے۔ چنانچہ یہ مقدمہ ..... عدالت کے سپرد کر دیا گیا ہے۔

ٹیسٹ ٹیوب بے بی کو والدین کے پاس بھیج دیا گیا

نئی دہلی (ایسٹرن) بھارت میں مصنوعی طریقے سے پیدا ہونے والی بچی اور اس کی ماں کو کل گھر جانے کی اجازت دے دی گئی۔ بچی کا نام اس کے والدین نے درگا ..... رکھا ہے ..... بتایا کہ کلکتہ کے ..... ہسپتال میں دنیا بھر میں ..... ٹیسٹ ٹیوب بے بی برطانیہ میں پیدا ہوا تھا۔

انتخابی فہرستیں تیار کرنے والے عملے کی تربیت کا کام شروع ہو گیا

راولپنڈی (اپ پ) جداگانہ انتخابات کی بنیاد پر انتخابی فہرستیں تیار کرنے کے لئے فہرست کرنے والوں اور نگرانوں کی تربیت کا کام شروع ہو گیا ہے۔ اس سلسلے میں ..... کیمپ لگائے گئے ہیں۔

پیپلز پارٹی انتشار پیدا کرنے کے لئے انتخابات کرانے کا مطالبہ کر رہی ہے

عوام فرقہ وارانہ تعصب پھیلانے کی کوششیں ناکام بنا دیں: انصاری

رحیم یار خان (نمائندہ خصوصی) مذہبی امور کے وفاقی وزیر مولانا ظفر احمد انصاری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کے تشدد کے حربے قطعی ناکام ہو چکے ہیں۔ کیونکہ اس قسم کے طریقے وہ لوگ اختیار کرتے ہیں جو عوام کی حمایت سے قطعی محروم ہو چکے ہیں ..... مقامی شہریوں سے خطاب کر رہے تھے ..... انہوں نے کہا کہ ..... انتخابات ..... انتشار پھیلانے کے لئے ..... جماعتوں کی ..... اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ ہم سرحدوں کو مکمل تحفظ دینا چاہتے ہیں۔ لوگوں کو چاہیے کہ وہ امن و امان کی فضا برقرار رکھنے کے لئے حکومت سے تعاون کریں اور بعض عناصر کی طرف سے فرقہ وارانہ تعصب پیدا کرنے کی کوششوں کو ناکام بنا دیں۔

سابق فرانسیسی وزیراعظم کی کراچی آمد

اسلام آباد (اپ پ) ..... فرانس کے سابق وزیراعظم ..... کل علی الصبح ..... کراچی سے گزریں گے۔

بلدیاتی اداروں میں قومی اتحاد کے کارکنوں کی نامزدگی ناقابل قبول ہے

انتخابات پر اثر انداز ہونے کی کوششوں کے خطرناک نتائج برآمد ہوں گے، مولانا نورانی کا بیان

ملتان (نمائندہ خصوصی) جمعیت العلماء پاکستان کے سربراہ مولانا شاہ احمد نورانی نے بلدیاتی اداروں میں قومی اتحاد کے کارکنوں کو نامزد کرنے کی تجویز کی شدید مخالفت کی ہے اور خبردار کیا ہے کہ پیپلز پارٹی کے نقش قدم پر چل کر انتخابات پر اثر انداز ہونے کی کوشش کے انتہائی خطرناک نتائج برآمد ہوں گے۔ انہوں نے آج ملتان پہنچنے پر اخباری نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ..... ان لیڈروں کو علم ہے کہ انتخابات میں کامیاب نہیں ہو سکتے اس لئے انہوں نے اپنے کارکنوں پر رشوت اور اقربا پروری کے دروازے کھولنے کے لئے بلدیاتی اداروں میں اتحاد کے کارکنوں کو نامزد کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ ..... مولانا شاہ احمد نورانی ملتان میں ۱۸ اکتوبر کو پارٹی کی مرکزی مجلس عاملہ کے اجلاس کی صدارت کریں گے۔ اس اجلاس میں پارٹی کے انتخابات ..... مولانا شاہ احمد نورانی نے کہا کہ پارٹی کے انتخابات دسمبر تک مکمل ہو جائیں گے۔

لیبیا بھٹو کے مقدمہ قتل کے بارے میں داخلی معاملات میں مداخلت نہیں کرنا چاہتا

پاکستان اور لیبیا کے تعلقات کی بنیاد افراد نہیں ہیں، لیبیا کے فرسٹ سیکرٹری کی بات چیت

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پاکستان میں لیبیا کے سفارت خانے کے فرسٹ سیکرٹری ..... نے اس خبر کو غلط قرار دیا کہ لیبیا ..... سابق وزیراعظم بھٹو کے مقدمہ قتل کے بارے میں کوئی تحریک پیش کرنا چاہتا ہے ..... پاکستان اور لیبیا کے تعلقات کی بنیاد افراد نہیں ہیں۔ ..... اور افراد کی قربت کا تعلق ..... ہو سکتا ہے۔

ڈاکٹر الطاف ٹریفک کے حادثے میں جاں بحق ہو گئے

لاہور (اپ پ) جماعت اسلامی ..... ہیلتھ ..... کے انچارج ڈاکٹر الطاف حسین ..... گلبرگ کے قریب ٹریفک کے حادثے میں جاں بحق ہو گئے ..... ڈیوٹی ختم کرنے کے بعد ..... گھر واپس جا رہے تھے کہ اچانک سامنے سے آنے والی ..... ٹکرا گئی۔

سعودی شاہی خاندان کے افراد بھٹو کے مقدمے کے فیصلے کے بعد پاکستان کا دورہ کرینگے

سعودی عرب کے حکام کو کسی شخصیت سے کوئی ذاتی دلچسپی نہیں

پاکستانی تاجروں کو معیاری مال فراہم کرنا چاہیے، جنرل فضل مقیم کا انٹرویو

ریاض (..... سعودی عرب میں پاکستان) کے سفیر ریٹائرڈ جنرل فضل مقیم نے کہا ہے کہ سعودی شاہی خاندان کے افراد اور عرب رہنما پاکستان کے دورہ کے خواہشمند ہیں لیکن وہ مسٹر بھٹو کے مقدمہ کے فیصلے کے منتظر ہیں انہیں کسی شخصیت سے کوئی دلچسپی نہیں وہ صرف قومی سطح پر خوشگوار تعلقات چاہتے ہیں تاکہ پاکستان اور سعودی عوام کے درمیان تعلقات فروغ پائیں اور تعلیم و تربیت، ثقافت، کھیل، تجارت اور صنعت و حرفت کے شعبوں میں تعاون اور بڑھے۔ انہوں نے کہا کہ بھٹو کے مقدمہ کے سلسلے میں کوئی غیر ملکی دباؤ نہیں پڑنا چاہیے کیونکہ یہ خالصتاً قتل کا مقدمہ ہے۔ اس مقدمہ کے فیصلے کے بعد توقع ہے کہ فضا بہتر ہو جائے گی۔ اور غیر ملکی رہنما زیادہ تعداد میں پاکستان کے دورے کریں گے۔

انہوں نے کہا کہ سعودی طلبہ کی بڑی تعداد پاکستان کے میڈیکل، انجینئرنگ، ..... اور دوسرے تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے سے گہری دلچسپی رکھتی ہے ..... انہوں نے پاکستانی تاجروں پر زور دیا کہ وہ اپنی مصنوعات کے فروغ کے لیے سعودی عرب کے بڑے شہروں جدہ، ریاض، الخبر اور مکہ مکرمہ میں نمائشی مراکز قائم کریں اور اس علاقہ میں تجارتی منڈیاں تلاش کرنے میں سنجیدگی سے کوشش کریں۔

سعودی عرب میں پاکستان کے سفیر جنرل فضل مقیم

ایم اے گوہیر کی کوڑوں کی سزا معاف کر دی گئی

ملتان (اپ پ) ڈپٹی مارشل لا ایڈمنسٹریٹر ..... نے پاکستان پیپلز پارٹی کے لیڈر ایم اے گوہیر کی سمری ملٹری کورٹ کی طرف سے دی گئی کوڑوں کی سزا معاف کر دی ہے انہیں دو مقدمات میں ایک سال قید با مشقت اور دس کوڑوں کی سزا ..... اپیل کی تھی کہ ان کی صحت خراب ہے اس لئے کوڑوں کی سزا معاف کی جائے چنانچہ ڈپٹی مارشل لا ایڈمنسٹریٹر نے یہ اپیل منظور کر لی۔

نظام مصطفےٰ کے نفاذ کی تحریک .....

لاہور (پاکستان ٹائمز رپورٹر) ..... اتحاد کے سربراہ مولانا مفتی محمود نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نظام مصطفےٰ کے نفاذ کیلئے مخلص ہے اور اس سلسلے میں ..... انہوں نے جمعیت علمائے اسلام ..... سے گفتگو ..... انہوں نے امید ظاہر کی کہ عوام جلد ہی نظام مصطفےٰ کے نفاذ کی خوشخبری سنیں گے .....

تہران (ریڈیو رپورٹ) تہران میں آج اخبارات کے صحافیوں اور چھاپہ خانے کے کارکنوں نے مارشل لا کے سنسر شپ کے حکم کے خلاف غیر معینہ مدت کے لئے ہڑتال کر دی ہے اور اعلان کیا ہے کہ جب تک مارشل لا کے تحت کڑی سنسر شپ کا حکم منسوخ نہیں ہوتا وہ اخبارات دوبارہ شائع نہیں کریں گے۔

ولی خان سیاست سے ریٹائر نہیں ہوں گے

..... حکومتوں کی تشکیل کا ..... بیگم نسیم ولی خان

پشاور (اپ پ) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کی نائب صدر بیگم ولی خان نے کہا ہے کہ اس مرحلہ پر صوبائی حکومتوں کی تشکیل کا کوئی فائدہ نہیں ہو گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میرے شوہر خان عبدالولی خان سیاست سے ریٹائر ہونے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔ وہ جنرل فضل حق کی طرف سے دی گئی تقریب میں شرکت کے بعد اخبار نویسوں سے بات چیت کر رہی تھیں۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ این۔ ڈی۔ پی میں کسی قسم کا کوئی اختلاف نہیں ہے۔

بنگلہ دیش کے وزیر تعلیم مستعفی ہو گئے

ڈھاکہ (اے پی پی) بنگلہ دیش کے وزیر تعلیم قاضی ظفر احمد مستعفی ہو گئے ہیں۔ انہوں نے صدر ضیاء الرحمٰن پر الزام لگایا ہے کہ وہ اپنے انتخابی وعدوں سے منحرف ہو چکے ہیں اور سیاسی، معاشرتی اور اقتصادی ..... انہوں نے صدر ضیاء الرحمٰن پر ذاتی اقتدار کی خاطر قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانے کا بھی الزام عائد کیا۔

امریکہ نے یوگنڈا سے تجارتی تعلقات منقطع کر لئے

واشنگٹن (اے پی سی) امریکہ نے یوگنڈا سے تجارتی تعلقات منقطع کر لئے ہیں۔ اس سلسلے میں سینیٹ نے یوگنڈا کے خلاف پابندیوں کی منظوری بھی دے دی ہے۔ امریکہ آئندہ یوگنڈا کو کسی قسم کی امداد بھی نہیں دے گا۔

بھٹو کو پھانسی کے حکم پر .....

راولپنڈی (اپ پ) ..... سپریم کورٹ ..... لاہور ہائیکورٹ کے فیصلے ..... مسٹر بھٹو کو پھانسی دینے کے حکم پر ..... مکمل ..... جاری کیا گیا تھا۔

سید حسین کے خلاف فوجی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا

راولپنڈی (اپ پ) پی آئی اے کے بوئنگ ..... طیارہ اغوا کرنے کی کوشش کرنے والے ملزم سید حسین کے خلاف فوجی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا۔ مقدمہ کی باقاعدہ تاریخ کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ فوجی عدالت میں مقدمہ چلانے کا فیصلہ اس واقعہ کی تحقیقات کرنے والی ایجنسیوں کی رپورٹ پر کیا گیا ہے۔ سید حسین پر ایک سابق فوجی ..... کو قابو کر لیا گیا تھا۔

واشنگٹن (رائٹر) صدر کارٹر نے اعلان کیا ہے کہ ..... اسرائیل کے وزیراعظم ..... کے ساتھ ..... ملاقات ..... اپنی کابینہ ..... کے ارکان کے ہمراہ صدر کارٹر سے ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔

صحافیوں کی ایجی ٹیشن کے سلسلے میں نظر بند ۸۰ افراد کو رہا کر دیا گیا

کراچی (اپ پ) صحافیوں کی ایجی ٹیشن کے سلسلے میں گرفتار شدہ ..... نظر بند صحافیوں، پریس ورکروں اور دیگر افراد کو آج رات کراچی کی سنٹرل جیل سے رہا کر دیا گیا اس کے علاوہ ..... حیدرآباد جیل سے ..... صحافیوں اور پریس ورکروں کو رہا کیا گیا .....

ڈگروال پر بغاوت کا الزام لگایا گیا ہے

لندن (اپ پ) برطانوی نشریاتی ادارے ..... کے نامہ نگار ..... کے حوالے سے بتایا ہے کہ کابل میں اب سکون ہے تاہم ..... کے کوئی آثار نہیں۔ ..... کے مطابق افغانستان میں انقلاب کے بانی ڈگروال عبدالقادر پر حکومت کے خلاف بغاوت کا الزام ہے ..... گرفتار ہیں۔

جام شورو کے واقعہ کی تحقیقات کے لئے ٹربیونل مقرر کر دیا گیا

کراچی (اپ پ) حکومت سندھ نے جام شورو کے واقعہ کی وجوہات کا تعین کرنے کے لئے سندھ ہائی کورٹ کے مسٹر جسٹس فخر الدین جی ابراہیم کو ٹربیونل مقرر کیا ہے ..... پولیس ..... سندھ ٹربیونل انکوائری آرڈیننس مجریہ ۱۹۶۹ء ..... کے تحت ٹربیونل کو ..... اختیارات دیے گئے ..... جلد تحقیقاتی رپورٹ پیش کرے گا۔

موجودہ حکومت کو خارجہ پالیسی کے بارے میں بنیادی نوعیت کے فیصلے کرنے کا کوئی حق نہیں: اصغر خان

آئین میں ترامیم کا کام منتخب اسمبلی پر چھوڑ دینا چاہیے، دفاعی اختیارات کے معاملے میں آئین پر پوری طرح عمل نہیں کیا گیا

سیاسی عدم استحکام برقرار رہا تو بیرونی ملکوں کو مداخلت کا موقع ملتا رہے گا
تحریک استقلال علامتی طور پر سیکولر جماعت ہے

لاہور — تحریک استقلال کے صدر ایئر مارشل (ریٹائرڈ) محمد اصغر خان نے ... کے مسئلے پر صدر پاکستان جنرل ضیاء الحق کے حالیہ موقف کی مخالفت کی ہے اور کہا ہے کہ مارشل لاء حکومت کو خارجہ پالیسی کے میدان میں بنیادی نوعیت کے فیصلے کرنے کا کوئی حق نہیں اور انہیں یہ کام منتخب حکومت پر چھوڑ دینا چاہیے۔ مسٹر اصغر خان نے کہا ہے کہ اگرچہ تحریک استقلال سینٹو کے دفاعی معاہدے سے پاکستان کی وابستگی کو مفید نہیں سمجھتی مگر ہم ایک غیر نمائندہ حکومت کو ایسے اہم معاملات کے متعلق اپنے فیصلوں کے اظہار کا حق نہیں دے سکتے۔ لاہور میں حالیہ قیام کے دوران مسٹر اصغر خان نے ایک طویل ... نزدیک میں مختلف ملکی اور غیر ملکی مسائل پر اپنی پارٹی کے موقف کی وضاحت کرتے ہوئے خود اپنی ذات کے متعلق مختلف حلقوں میں پائے جانے والے شکوک و شبہات کا بھی تفصیل سے جائزہ لیا اور اس عام تاثر کی واضح طور پر تردید کی کہ وہ امریکی خفیہ تنظیم سی آئی اے کے ایجنٹ ہیں۔ انہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ ان کی سابق وزیر اعظم مسٹر بھٹو سے بھی کوئی ذاتی یا سیاسی مشابہت نہیں۔ تاہم اس بات کا اقرار کیا کہ تحریک استقلال اور پیپلز پارٹی دونوں میں عوامی سیاست کا اصول مشترک ہے۔ مسٹر اصغر خان نے کہا کہ تحریک علامتاً سیکولر ہے لیکن ہم سیکولرازم کو لادینیت کے مترادف یا ہم معنی نہیں سمجھتے

"ہمارے باپ کی جان بچانے میں مدد کریں" بھارت سے بھٹو کے بیٹوں کی اپیل

بھٹو کو پھانسی دینے سے بھارت عدم استحکام کا شکار ہو جائیگا۔ امرت بازار پتریکا سے مرتضیٰ بھٹو کا انٹرویو

اسلام آباد (اپ پ) سابق وزیر اعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کے دو صاحبزادوں مرتضیٰ بھٹو اور شاہنواز بھٹو نے اپنے والد کی جان بچانے کے لیے بھارت سے مدد کرنے کی اپیل کی ہے۔ کلکتہ کے اخبار امرت بازار پتریکا میں مرتضیٰ بھٹو کا ایک انٹرویو شائع ہوا ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ وہ اپنے والد کے لیے ضمانت حاصل کرنے کے لیے کئی ممالک کا دورہ کر چکے ہیں لیکن ان کا خیال ہے کہ پاکستان میں تازہ ترین سیاسی تبدیلیوں سے ایران اور بھارت سب سے زیادہ متاثر ہوں گے۔ مسٹر مرتضیٰ بھٹو نے کہا کہ اس بات میں کوئی شک نہیں کہ اگر ان کے والد کو پھانسی پر لٹکا دیا گیا تو پاکستان تباہ ہو جائیگا اور اس سے بھارت بھی عدم استحکام کا شکار ہو جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے والد کی جان بچانے کے لیے شہنشاہ ایران کی حمایت بھی حاصل کرنا چاہتے ہیں لیکن ایران میں ہنگاموں کی وجہ سے شہنشاہ ایران کے پاس اتنا وقت نہیں ہوگا کہ وہ انہیں ملاقات کے لیے وقت دیں۔ اس لیے اب سارا انحصار بھارت پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ بھارتی حکومت کا عقیدہ ہے کہ مسٹر بھٹو کا معاملہ پاکستان کا اندرونی معاملہ ہے لیکن پاکستان بھارت کا انتہائی قریبی ہمسایہ ہے اس لیے بھارت پاکستان میں رونما ہونے والے واقعات سے خود کو الگ نہیں کر سکتا۔

بہترین کھلاڑیوں کے لیے سونے کے تمغے

راولپنڈی (اپ پ) صدر جنرل ضیاء الحق جو کہ بورڈ آف کرکٹ کنٹرول کے سرپرست ہیں نے پاکستان اور بھارت کے درمیان حالیہ کرکٹ سیریز میں بہترین کارکردگی دکھانے والے بیٹسمین، باؤلر اور فیلڈر کو گولڈ میڈل دینے کا اعلان کیا ہے۔ ان کھلاڑیوں کے انتخاب کے لیے ماہرین کا ایک پینل بعد میں مقرر کرے گا۔

اور اس سلسلے میں ... پارٹی ... انہوں نے کہا کہ ...

پاکستان پیپلز پارٹی سندھ کے صدر غلام مصطفیٰ جتوئی پیپلز پارٹی کراچی کے صدر مولانا احترام الحق تھانوی اور نسیم عثمانی پی ای سی ایچ سوسائٹی میں پیپلز پارٹی سے خطاب کر رہے ہیں

کسی معزول حکمراں کی اتنی مقبولیت کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی: جتوئی

پیپلز پارٹی پہلے سے زیادہ مضبوط ہے، انتخابات میں جیت اسی کی ہوگی

کراچی — (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے سابق وزیر اعلیٰ اور پیپلز پارٹی سندھ کے صدر مسٹر غلام مصطفیٰ جتوئی نے کہا ہے کہ دنیا کی تاریخ میں اس کی مثال نہیں مل سکتی کہ کوئی حکمراں معزولی کے بعد بھی عوام میں اتنا مقبول ہو جتنی مقبولیت آج بھی جناب ذوالفقار علی بھٹو کو حاصل ہے۔ وہ آج شام پی ای سی ایچ سوسائٹی میں نسیم عثمانی کی قیام گاہ پر پارٹی کے ایک اجتماع سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت اگرچہ ختم ہو چکی ہے لیکن وہ آج بھی ...

ملک کے غریب عوام میں ... پارٹی اور اس کے قائد ... ملک کے غریب عوام کو استحصال سے نجات دلائی ہے ... احساس دلایا ہے کہ وہ ایک غریب کی عزت ... کم نہیں ہوتی۔ مسٹر جتوئی نے کہا کہ آج پیپلز پارٹی میں پھوٹ پڑنے کی افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں ... اعلان کرتا ہوں کہ پارٹی کے لیڈر اور کارکن پوری طرح متحد و منظم ہیں ... پیدا کرنے والے ... طرح پہچان لیا ہے ... ملک میں ... آج ہم اپنے قائد کی رہائی ... جانب بڑی تیزی ... زیادہ منظم اور متحد ہے ... آخر کار پیپلز پارٹی ... کامیاب ... ایسی کوئی سازش کامیاب نہیں ہو سکتی ... کی کوشش کر رہے ہیں ... ایک ہی لیکن ہم اس سازش کو کسی طرح بھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے ... فقط بھٹو ... تمام کو ... ہمارا ... ہے ... نام کے ساتھ بھٹو ... جتوئی ...

میں ہی واحد متبرک ہستی ہوں: بھٹو

کراچی — قرطاس ابیض کی تفصیل کے مطابق
سیکرٹری اطلاعات نسیم احمد نے "صلوٰت" کی مقبولیت بڑھانے کے لیے تجویز پیش کی کہ اس اخبار کی اجازت دی جائے کہ وہ سیاسی لیڈروں پر نکتہ چینی کر سکے لیکن مسٹر بھٹو کو تنقید اور نکتہ چینی کے خلاف تحفظ حاصل ہونا چاہیے۔ مسٹر بھٹو نے اس تجویز پر حاشیے میں لکھا "مجھے افسوس ہے آپ جانتے ہیں کہ میں ہی واحد متبرک ہستی ہوں" ان کا مطلب یہ تھا کہ ان کے سوا اخبار ہر شخص پر نکتہ چینی کر سکتا ہے۔

خود پسندی اور قائد اعظم کی اہانت

کراچی — ذرائع ابلاغ کے غلط استعمال کے بارے میں شائع ہونے والے قرطاس ابیض کے مطابق مسٹر بھٹو خود پسندی کے جنون میں مبتلا تھے۔ انہوں نے ... بابائے قوم حضرت قائد اعظم ... شرکت کرتے تھے۔ انہوں نے اس پر بس نہیں کیا بلکہ اپنے آپ کو "شہر لاڑکانہ" کا یہ اعلان کیا کہ وہ عوام کے ووٹوں سے دو بار وزیر اعظم منتخب ہوئے جبکہ قائد اعظم سے لے کر نواز خان نون تک کوئی بھی اس اعزاز میں ان کا شریک نہیں۔ انہوں نے کہا "پاکستان کی تاریخ میں اس کی کوئی مثال نہیں ملتی۔"

... نہیں ہونا چاہیے کہ فلاں فلاں دکانوں کے افتتاح کے لیے تقاریب منعقد کی جائیں اور ان پر بے پناہ رقم خرچ کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے فضول خرچی کی ہرگز اجازت نہیں دی۔

صدر ضیاء الحق نے آج اعلان کیا کہ پورٹ قاسم ریلوے اسٹیشن کا نام آج سے قاسم ریلوے اسٹیشن ہوگا اور کراچی شپ یارڈ کا نیا نام پاکستان شپ یارڈ ہوگا۔ اس اعلان کا پرجوش تالیوں سے خیر مقدم کیا گیا۔

صدر ضیاء الحق آج پورٹ قاسم پر کام کرنے والے پہلے بیچ میں بطور سرکاری ملازم کو ریگولر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے اور انہوں نے ان ملازمین کی بہبود کے لیے ایک لاکھ روپے کا عطیہ دینے کا اعلان کیا۔ مزدوروں نے پرجوش نعروں میں اس اعلان کا خیر مقدم کیا۔

ساحل بلوچستان پر گوادر میں وہ پہلے کرفیو سے پہنچنے والے مزدوروں میں گھل مل گئے۔ ایک دیہاتی سے انہوں نے دریافت کیا "بھائی یہاں پانی دانی ملتا ہے۔" قریب لوگوں کو ...

حضت حیرت ہوئی کہ ملک کا سربراہ بھی ان میں موجود ہے۔ انہوں نے جواب دیا "جناب پانی نہیں ملتا۔" اس دیہاتی سے صدر نے پوچھا کیوں بھائی اب ... تو تنگ نہیں کرتے۔ جہاز رانی کرنے والوں کے اجتماع میں صدر ضیاء الحق نے زور دے کر کہا کہ اس قسم کے پر تکلف اجتماع پر جو رقم ضائع کی گئی ہے اسے بچا کر گوادر کے غریبوں کی فلاح اور انہیں پینے کا پانی مہیا کرنے پر صرف کیا جا سکتا تھا۔

صدر ضیاء الحق نے کہا کہ اگر مالک مزدور کو اس کی محنت کا معاوضہ بروقت دیتا ہے اور مزدور بھی خون پسینہ ایک کر کے کام کرتا ہے تو کوئی وجہ نہیں کہ ملک جلد ترقی نہ کر سکے۔ صدر ضیاء الحق نے کراچی میں چاول صاف کرنے والے پلانٹ کا جب معائنہ کیا تو وہاں بھی انہیں غریب مزدوروں کی حالت دیکھ کر رنج ہوا، چنانچہ کم تنخواہ پانے والے ان ملازمین کے لیے انہوں نے ایک لاکھ روپے کی امداد کا اعلان کیا۔

پندرہ روزہ
پیغامبر
اسکاربورو (کینیڈا)
مدیر: سہیل اختر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دنیا لوگ کہاں دنیا میں ہر مرحلہ ہے جواب دنیا کا ہر حل! بس اب ادرکچھ نہ کیجئے گا بس نبھائیے پھر کوئی سے کہئے گا اور کیا کہئے گا غصے میں آپ کا کچھ بنا کر کچھ بھی نہیں آئے گا، جس شخص کی نظریں پہلے سے جھکی ہوئی ہوں اس کے لیے میں کچھ بہت ہے کیں اپنے عذر کیوں نہ پیش کروں کر رات میں ایک لمحے کے لیے بھی ابھی تک قیام نہیں کر سکا ہوں حالانکہ میرے لیے سبھی در کھلے ہیں، ہر رات جگمگاتی ہے ہر شام جگمگ کرتی ہے اور مدہم روشنیوں میں روز ساز بجائے جاتے ہیں، سرد ہوائیں چلیں تو دل میں چنگاریاں پھوٹ پڑتی ہیں اگر سینے میں چمک اور آنکھوں میں نمی ہو تو بہت سی باتیں یوں ہی طے ہو جاتی ہیں یہاں طرح طرح کے اخبار اور رسائل شائع ہوتے ہیں کوئی روزنامہ ہے تو کوئی سہ روزہ کوئی ماہنامہ ہے تو کوئی سہ ماہی اب ایک اور رسم چل پڑے تو کیا حرج ہے اسے آپ نئی اپیل سمجھیں روزہ کیوں نہ سمجھیں میرا اصرار ہے کہ یہ پندرہ روزہ ہے چند دن مجھ پر اعتبار کیجیے زندگی کے بہت سے اعتبار آپ پر بھی ہو گئے اور آپ بھی کسی کے نہ کسی خواہ ہو گئے لوگوں کی زندگیاں اعتبار ہوتی ہیں آنے والے کل کے دو دن کے بعد بھی ہیں آنے سے بہت نہ آنے والوں کا کبھی یہ خیال بھول کر بھی نہیں آتا کہ کوئی ان کا بڑی بے چینی سے انتظار کر رہا ہے ویسے بھی زندگی تو ایک دریا ہے دریا خشک ہو گیا تو ریت ہی ریت ہے اور آدمی ایک بولنے والا جانور ہے مجھ سے بعض لوگ طرح طرح کے سوال کرتے ہیں میں ان لوگوں سے کیا کہوں کس طرح کی باتیں کر کے عجیب کشمکش میں مبتلا کر دیتے ہیں میں ان لوگوں سے کیا کہوں، کوئی ... بات کو جانے تو سبھی لوگ شک کرتے ہیں یہ جانتے ہر آدمی ہر دوسرے پر شبہ کرنے لگا ہے کوئی جھانک کر نہیں دیکھ سکتا کہ قلب و جان پر کیا بیت رہی ہے میں ایک سوال کرتا ہوں، کیا یہ محض آپ کی ناآسودگی ہے؟ میری نہیں کیا میں نقصان نہیں اٹھا رہا، یوں کہیے کہ بہت سی باتیں ہیں میں نے اپنے رفقاء میں سے کسی سے نہیں کہا کہ یارو اب تم ...



صدر مملکت نے کہا

● مومن خاتون کی قابل تقلید کردار

● ایک جاہلانہ ہیں کرتب

● مزدوروں کے لیے عطیات کا اعلان

کراچی (اپ پ) (اپ پ اے) جنرل ضیاء الحق نے آج شام خواتین سے متعلق سمینار میں ایک مومن خاتون کا تذکرہ کیا اور قابل تقلید قرار دیا اور بتایا کہ ایک سابق ایم این اے کے خلاف ... میں مقدمہ چلایا جا رہا تھا۔ ... شخص ... کے ہمراہ ان کے گھر گیا اور ان کی بیگم سے اس بہانے ملنے میں کامیاب ہو گیا کہ وہ ان کا رشتے دار ہے۔ لیکن جب اس خاتون نے دیکھا کہ وہ شخص رشتے دار نہیں تو اس شخص نے کہا کہ وہ ان کا ہمسایہ ہے اور خدمت کے لیے حاضر ہوا ہے جب یہ شخص چلا گیا تو بیگم صاحبہ کو اپنے گھر میں ایک بریف کیس پڑا ملا جس میں بیس ہزار روپے تھے تھوڑی دیر بعد وہ یہ معلوم کرنے کے لیے واپس آیا کہ اس کی خدمت کو قبول کیا گیا ہے یا نہیں لیکن وہاں وہ اپنے استقبال میں پولیس کو دیکھ کر پریشان ہو گیا۔ پولیس نے اسے رشوت دینے کے جرم میں گرفتار کر لیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ اس خاتون کی یہ مثال ثابت کرتی ہے کہ پاکستانی خواتین میں مومن عورتوں کی کمی نہیں۔

صدر ضیاء الحق آج جب خوبصورت شاہانی ہوٹل میں جہاز رانی کی صنعت کے تاجروں سے خطاب کر رہے تھے تو انہوں نے زور دیا کہ آپ لوگوں کو فضول خرچی کی عادت ترک کر دینی چاہیے تمام تقریبات سادہ ہونی چاہئیں۔

پشاور میں ایک شخص کے قبضے سے ڈائنامیٹ برآمد

پشاور (اپ پ) آج یہاں بارہ روڈ پر ایک شخص وارث خان سے پولیس نے ۲۰ ڈائنامیٹ برآمد کیے۔ یہ شخص بارہ سے پیدل آ رہا تھا۔

افضل بیگ اور بخشی غلام محمد کے کردار میں کوئی فرق نہیں — شیخ عبداللہ

نئی دہلی (ریڈیو پی) مقبوضہ کشمیر کے کٹھ پتلی وزیر اعلیٰ شیخ محمد عبداللہ نے کہا ہے کہ اگر عوام ان کا ساتھ دیں تو وہ ہمالیہ سے بھی ٹکرا سکتے ہیں۔ وہ یہاں گاندھی پارک میں ایک جلسہ عام سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے اپنے پرانے ساتھی دوست مرزا افضل بیگ پر کھلے بندوں اپنی حکومت کے خلاف سازش کا الزام لگاتے ہوئے کہا کہ ان کے پاس اس بات کا واضح ثبوت موجود ہے کہ مرزا افضل بیگ کشمیر میں وہی کردار ادا کر رہے تھے جو ۱۹۵۳ء میں بخشی غلام محمد مرحوم نے ادا کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ وہی رجعت پسند عناصر جو بخشی غلام محمد کے ساتھ تھے اب مرزا افضل بیگ کے ساتھ مل گئے تھے۔ انہوں نے اس بات کی سختی سے تردید کی کہ وہ کشمیر میں اپنی اور اپنے خاندان کی آمریت قائم کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ کسی بھی قیمت پر کشمیر یوں کے حقوق کا سودا نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کی اسمبلی کے نام نہاد چیئرمین ... مرزا افضل بیگ کے ہاتھوں میں کھیلتے رہے ہیں۔

ملک کو خوشحال اور اسلامی ریاست بنانے کے لئے کارکن محنت اور دیانتداری سے کام کریں

حکومت محنت کشوں کی بہبود اور مسائل کی طرف پوری توجہ دے رہی ہے

سوئی گیس کے ملازمین کو اس سال چار بونس دیئے جائیں گے: چوہدری رحمت الٰہی کا کارکنوں سے خطاب

لاہور (اپ پ) وفاقی وزیر پانی و بجلی، پانی پیداوار اور قدرتی وسائل چوہدری رحمت الٰہی نے کارکنوں پر زور دیا ہے کہ وہ محنت اور دیانتداری سے اپنے فرائض سرانجام دیں ... حکومت ان کی بہبود کو پوری طرح مد نظر رکھے ...

حکومت جہاز توڑنے کی صنعت کی ترقی کیلئے ہر ممکن مدد کریگی: صدر ضیاء الحق

جہاز توڑنے کی صنعت اقتصادی ترقی کے لئے بڑی اہم ہے

کراچی (اپ پ) صدر جنرل ضیاء الحق نے کہا ہے کہ جہاز توڑنے کی صنعت ملک کی اقتصادی ترقی کے لئے بڑی اہمیت رکھتی ہے ...

محکمہ اوقاف لاہور کے چیئرمین نے چارج دے دیا

لاہور (اسٹاف رپورٹر) ...

نعیم تنویر احمد

نوجوان کو چاقو مار کر زخمی کر دیا

لاہور (اسٹاف رپورٹر) ...

پیپلز پارٹی کے کارکن کو گرفتار کر لیا گیا

کوئٹہ (اپ پ) ...

دھان اور چاولوں کی قیمتوں کا اعلان

کراچی (اپ پ) حکومت نے چاول اور دھان کی کم از کم قیمت کا اعلان کر دیا ہے ...

جاوید ہاشمی نے خون کا عطیہ دیا

اسلام آباد۔ ایک سرکاری ہینڈ آؤٹ کے مطابق ...

راولپنڈی ائیر پورٹ پر پانچ لاکھ روپے کا سمگل شدہ سامان پکڑا گیا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ...

بھاشانی اور سجاد مسلم لیگ کو کیوں چھوڑ گئے تھا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ کے سیکرٹری جنرل ملک محمد قاسم نے آج اپنی پارٹی کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے ...

ڈپٹی کمشنروں اور اسسٹنٹ کمشنروں کے لئے عنقریب ۱۸ رکنی مشاورتی کمیٹیاں قائم کی جائینگی

ہر کمیٹی میں ۱۰ ارکان قومی اتحاد کے اور نو نامزد ہوں گے

نظام مصطفیٰ کے نفاذ کے لئے عنقریب مثبت اقدامات کئے جائیں گے: مولانا مفتی محمود کا بیان

راولپنڈی (اپ پ) جماعت اسلامی ...

ریڈیو پاکستان سے انگریزی خبروں کا بلیٹن ختم کر دیا جائے گا

اسلام آباد (ایڈیٹر رپورٹر) ... ریڈیو پاکستان سے ... انگریزی خبروں کا بلیٹن ختم کر دیا جائے گا ...

بنگلہ دیش کو ریلوے ڈبوں کی سپلائی مکمل ہو گئی

کراچی (اپ پ) پاکستان نے بنگلہ دیش کو ریلوے ...

پاک آرمی کی ٹیم نے جاپان کو تین گول سے ہرا دیا

صدر ضیاء الحق نے میچ دیکھا

راولپنڈی (اپ پ) پاکستان آرمی کی ہاکی ٹیم نے ...

پاکستان جنوبی افریقہ میں نسلی تفریق کے خاتمے اور محکوم عوام کی آزادی کی حمایت جاری رکھے گا

جنوبی افریقہ میں سیاسی نظر بندوں کو بلا تاخیر رہا کیا جائے

عالمی سطح پر خطرناک صورتحال پیدا ہو گئی ہے: اقوام متحدہ کی خصوصی کمیٹی سے جسٹس اسلم ریاض حسین کا خطاب

نیویارک (اپ پ) پاکستان نے اعلان کیا ہے کہ وہ جنوبی افریقہ کے محکوم باشندوں کی آزادی کے لئے ہر قسم کی مادی اور سیاسی حمایت جاری رکھے گا ...

سابقہ حکومت کے دور میں گرفتار ہونے والے تحریک استقلال کے کارکن رہا کئے جائیں

گورنر پنجاب سے ملاقات میں محمود علی قصوری اور دیگر رہنماؤں کا مطالبہ

لاہور (اسٹاف رپورٹر) پنجاب تحریک استقلال ...

پیپلز پارٹی پر پابندی کے مطالبہ پر تاج محمد لنگاہ کی نکتہ چینی

لاہور (اپ پ) ...

ہائی کورٹ نے مختار اعوان کا طبی معائنہ کرنے کا حکم دے دیا

لاہور (اسٹاف رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ ...

ملتان سنی کانفرنس میں شرکت کیلئے قافلے کی روانگی

لاہور ...

بھارتی پنجاب کا ایک وزیر برطرف کر دیا گیا

تین وزیروں نے بطور احتجاج استعفیٰ دے دیا

امرتسر ...

۵ اخباری کارکن رہا کر دیئے گئے

کراچی ... ۵ اخباری کارکنوں کو رہا کر دیا گیا۔

امریکہ میں ایجادات کم ہو رہی ہیں

دس برس قبل تک امریکہ ایجادات کے معاملے میں دنیا بھر میں سرفہرست تھا لیکن اب ماہرین کا کہنا ہے کہ امریکہ میں ایجادات میں زبردست کمی آگئی ہے اور جرمنی پہلے نمبر پر ہے۔ امریکی ماہرین ذہانت اور ذہنی اپج کے گرتے ہوئے معیار پر پریشان ہیں اور اب اس بات کا جائزہ لیا جا رہا ہے کہ امریکہ میں ایجادات کم کیوں ہو رہی ہیں اور دوسرے ممالک آگے کیوں بڑھ رہے ہیں۔ امریکہ کی نیشنل سائنس فاؤنڈیشن نے جو سروے کیا ہے اس کے مطابق ۱۹۵۳ء میں امریکہ نے ۱۴۳ ایجادات متعارف کرائیں۔ اس زمانے میں مغربی جرمنی، برطانیہ اور فرانس تینوں کی مشترکہ ایجادات کی تعداد صرف تیس تھی لیکن اب غیر ممالک نہ صرف امریکہ کے ہم پلہ ہو گئے ہیں بلکہ مقابلتاً آگے بھی ہیں۔ ۱۹۷۶ء میں جو امریکی موجدوں کی ایجادات کو رجسٹرڈ کیا گیا ان کی شرح ۲۵ فیصد کم ہو گئی۔ ان کے مقابلے میں امریکہ میں جن غیر ملکی موجدوں کی ایجادات رجسٹرڈ کی گئیں ان کی تعداد دوگنا ہو گئی۔ جنرل الیکٹرک کمپنی کے نائب صدر نے اس رجحان کی وجوہات بتاتے ہوئے کہا کہ امریکی اب ذہنی طور پر سست پڑ گئے ہیں اور اس میں خود غرضی کو بھی دخل حاصل ہے وہ اپنے ملک سے زیادہ اپنی ذات کے بارے میں سوچتے ہیں اور ان کا رجحان یہ ہے کہ مجھے اس سے کیا حاصل ہو گا؟ وہ رسک لینے سے بھی گھبراتے ہیں ——— ماہرین کا کہنا ہے کہ اب مغربی جرمنی اور جاپان اس معاملے میں امریکہ کو مات دے رہے ہیں۔

دیوار پر فرعونی مذہب امریکہ میں مقبول ہو رہا ہے

مصر کی طرف سے امریکہ کے لئے انوکھا تحفہ

فراعنہ مصر کا مندر نیویارک منتقل کر دیا گیا

سید نسیم ہاشمی

آج کل امریکہ میں ایک قدیم مصری مذہب طوطیت بڑی تیزی سے فروغ پا رہا ہے لوگ اس مسلک کی سب مصروہ پارینہ رسمیں اپنانے میں فخر کرتے ہیں۔ قطار میں کھڑے ہونے کی زحمت و مشقت اٹھاتے ہیں اور ٹی شرٹس اور سویٹ شرٹ خریدتے ہیں۔ میٹرو پولیٹن میوزیم آف آرٹ کو توقع ہے کہ دسمبر میں جب فرعون مصر طوطن خامن کے نوادرات نیویارک پہنچیں گے تو اس وقت تک دس لاکھ امریکی اس مسلک کو اختیار کر چکے ہوں گے۔ وادی نیل کی تہذیب کے رسیاؤں کے لیے ان نوادرات کی نمائش کا افتتاح باعث صد مسرت و انبساط ہو گا اس وقت تو میوزیم میں بس ایک ہی نادر روزگار چیز کی نمائش ہو رہی ہے اور وہ ہے ڈینڈر کا مندر۔

